سوال

میرے کلینک میں سیٹنگ ایسی ہے کہ مریض چیک کرتے وقت اس کے پاؤں قبلہ کی طرف ہوجاتے ہیں، توکیا مریض یا میں گناہ کے مرتکب ہوتے ہیں؟ کلینک میں اورکسی طرح سے سیٹینگ ممکن نہیں ہے۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

احادیث مبارکہ میں قضائے حاجت کرتے ہوئے قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنے کی ممانعت بیان ہوئی ہے، لیکن اس کے علاوہ دیگر حالتوں میں قبلہ کی طرف پاؤں کرنے کی ممانعت کا ذکر نہیں ہے، اس لیے اگر مریض کے پاؤں قبلہ کی طرف ہوجائیں توکوئی حرج نہیں ہے۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ الحدیث حافظ مفتی عبدالستار حماد حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد